ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

MEDIA REFLECTIONS

AUG-2010

Prepared By
Jenab Eishan Ahmad Dar
Media Consultant
Humsafar Marriage Counselling Cell

KASHMIR UZMA 09 AUGUST 2010

Kashmir Uzma (09-08-10)

ہمسفر سادہ شادی کی تقریب

سرینگر// ہمسفر مریج کونسلنگ سیل کاک سرائے کے اصلاحی پروگرام آسان نکاح اور سادہ شادی کے تحت 29 جولائی جمعرات کو گوپال پورہ واہتھورہ کے غلام احمد شاہ کے گھر پر ایک نماز عصر کے بعد نکاح خوانی کی مجلس منعقد ہوئی، جس میں بخشی پورہ نور باغ سرینگر کے ظہور احمد وانی (سرکاری ٹیچر) پانچ افراد کے ہمراہ نفیس شرعی لباس میں اپنا نکاح اصالتاً پڑھانے کیلئے حاضر ہوئے۔ اُن کا نکاح دل افروزہ جان کے ساتھ نقد مہر پر پڑھا گیا۔ ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ہمسفر مریج سیل کے چیئرمین فیاض احمد زور نے شریعت کے مطابق سادہ شادی انجام دینے کے دینی اور دنیوی فائدے اس انداز سے بیان کئے کہ مجلس میں موجود حضرات نے اپنی اولاد کی شادیاں سادگی سے انجام دینے کا عہد کیا۔ اس کے بعد انہوں نے ازدواجی زندگی کے شرعی احکام بھی بیان کیا۔

AFTAB 09 AUGUST 2010

ہم سفر میرج کونسلنگ کی طرف سے

گوپال پورہ واہتھورہ میں نکاح مجلس کا انعقاد

سرینگر/ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کے اصلاحی پروگرام آسان نکاح اور سادہ شادی کے تحت 29 جولائی جمعرات کو گوپال پورہ واہتھورہ کے غلام احمد شاہ کے گھر پر ایک نکاح مجلس کا انعقاد نماز عصر کے بعد ہوا، جس میں بخشی پورہ نور باغ کے ظہور احمد وانی (سرکاری ٹیچر) پانچ افراد کے ہمراہ اپنا نکاح اصالتاً پڑھانے کیلئے حاضر آئے، ان کا نکاح دل افروزہ جان (پرنسپل) کے ساتھ نقد مہر پر پڑھایا گیا، دلہا اور باقی مہمانوں کی خاطر تواضع سادہ قہوے سے کی گئی اور حاضرین مجلس میں کھجور اور بادام تقسیم کئے گئے، اس کے فوراً بعد دلہن برقع پہن کر اپنے دولہا کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ کر سسرال روانہ ہوگئی، اس شادی میں نہ جہیز کا لین دین ہوا اور نہ کسی قسم کا اسراف ہوا۔

09-08-10 (Aftab)

SRINAGAR TIMES 09 AUGUST 2010

بخشی پورہ نور باغ کے ظہور احمد نے سادہ شادی انجام دی

ہمسفر کی طرف سے گوپال پورہ میں نکاح مجلس کا انعقاد

سرینگر/ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کے اصلاحی پروگرام آسان نکاح اور سادہ شادی کے تحت 29 جولائی جمعرات 2010 کو گوپال پورہ واتھورہ کے غلام احمد شاہ صاحب کے گھر پر ایک نکاح مجلس کا انعقاد نماز عصر کے بعد ہوا۔ جس میں بخشی پورہ نور باغ سرینگر کے ظہور احمد وانی پانچ افراد کے ہمراہ نفیس شرعی لباس میں اپنا نکاح اصالتاً پڑھانے کیلئے حاضر آئے۔ ان کا نکاح محترمہ دل افروزہ جان صاحبہ کے ساتھ نقد مہر پر پڑھا گیا۔ ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ہمسفر میرج سیل کے چیئرمین فیاض احمد زرو نے شریعت کے مطابق سادہ شادی انجام دینے کے دینی اور دنیوی فائدے اس انداز سے بیان فرمائے کہ مجلس میں موجود حضرات نے اپنی اولاد کی شادیاں سادگی کے ساتھ انجام دینے کا عہد کیا۔ اس کے بعد انہوں نے ازدواجی زندگی کے شرعی احکام بھی بیان فرمائے۔ دولہا اور باقی مہمانوں کی خاطر تواضع سادہ قہوہ سے کی گئی اور حاضرین مجلس میں کھجور اور بادام تقسیم کئے گئے اس کے فوراً بعد دلہن برقع پہن کر اپنے دولہا کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ کر سسرال روانہ ہو گئی۔ اس شادی میں نہ جہیز کا لین دین ہوا اور نہ کسی قسم کا اسراف ہوا۔ دونوں خاندانوں نے ہر بری رسم جیسے فوٹوگرافی، ویڈیوگرافی، ڈیکوریشن اور ناچ نغمہ سے پرہیز کیا۔

(Srinagar times)
09-08-2010